**INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act shall be called the Constitution (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force from the next general election.

**2. Amendment of Article 59 of the Constitution.-** In the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, in Article 59, in clause (1),

(a) for the words, "ninety six" the words "one hundred and one" shall be substituted;

(b) in paragraph (f),

(i) for the word, "four", the word "nine" shall be substituted;

(ii) for the words "one", the words "two" shall be substituted;

(iii) after the word "each Province", the words "and one from the Federal Capital" shall be added; and

(iv) after the words "Provincial Assembly", the words "and by the National Assembly" shall be added.

## STATEMENT OF OBTECTS AND REASONS

This Amendment Bill seeks to address the need for improved representation of non-Muslim communities in the Senate. The proposed increase in representation is designed to ensure that non-Muslim communities, who play a crucial role in the social, cultural, and economic development of Pakistan, are provided with a stronger platform to express their concerns and contribute to the country's legislative process. The Constitution guarantees the protection of religious minorities, and this amendment aligns with that constitutional promise by ensuring non-Muslims have a more substantial role in the political decision-making process.

**Sd/-**
**Mr. Naveed Aamir**
**Member, National Assembly**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ آئندہ عام انتخابات سے نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ کی ترمیم۔** دستور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں، آرٹیکل ۵۹ میں، شق (۱) میں،

(الف) الفاظ ''چھیانوے'' کو الفاظ ''ایک سو ایک'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) پیراگراف ''و'' میں،

(i) لفظ ''چار'' کو لفظ ''نو'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ii) لفظ ''ایک'' کو لفظ ''دو'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(iii) لفظ ''ہر صوبے'' کو الفاظ ''ایک وفاقی دارالحکومت سے'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(iv) الفاظ ''صوبائی اسمبلی'' کے بعد الفاظ ''اور قومی اسمبلی کی جانب سے'' کا اضافہ کیا جائے گا۔

### بیان اغراض و وجوہ

یہ ترمیمی بل سینیٹ میں غیر مسلم طبقات کی بہتر نمائندگی کی ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ نمائندگی میں متوقع اضافہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے تجویز کیا گیا ہے کہ غیر مسلم طبقات جو پاکستان کی سماجی، ثقافتی اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اپنے تحفظات کا اظہار کرنے اور ملک کے قانون سازی کے عمل میں اپنا حصہ ڈالنے کے لئے ایک مضبوط پلیٹ فارم مہیا کیا جائے۔ آئین مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے، اور یہ ترمیم سیاسی فیصلہ سازی کے عمل میں غیر مسلموں کے زیادہ اہم کردار کو یقینی بنا کر اس آئینی وعدے کے مطابق ہے۔

دستخط/۔

جناب نوید عامر

رکن، قومی اسمبلی